The Absolute Reality

www.quran4u.com

قَدْ أَفْلَحَ مَن تَزَكَّى وَذَكَرَ اسْمَ رَبِّهِ فَصَلَّى

بے شک وہ مراد کو پہنچ گیا جو پاک ہوا اور اپنے پروردگار کے نام کا ذکر کرتا رہا اور نماز پڑھتا رہا

Quran With Urdu Translation

Fateh Muhammad Jalundhari

(فتح محمد جالندهري)

سورة الأعلى

Urdu Translation اردو ترجمہ

Click This Bar to Listen Audio

بِسْمِ اللَّهِ الرَّحْمَنِ الرَّحِيمِ

سَبِّحِ اسْمَ رَبِّكَ الْأَعْلَى (1)

(اے پیغمبر صلی اللہ علیہ وسلم)

اپنے پروردگار جلیل الشان کے نام کی تسبیح کرو

الَّذِي خَلَقَ فَسَوَّى (2)

جس نے (انسان کو) بنایا پھر (اسکے اعضاء کو) درست کیا

وَالَّذِي قَدَّرَ فَهَدَى (3)

اور جس نے اس کا اندازہ ٹھیرایا (پھر اسکو) راستہ بتایا

وَالَّذِي أَخْرَجَ الْمَرْعَى (4)

اور جس نے چارہ اگایا

فَجَعَلَهُ غُثَاءً أَحْوَى (5)

پھر اس کو سیاہ رنگ کا کوڑا کر دیا

سَنُقْرِئُكَ فَلَا تَنْسَى (6)

ہم تمہیں پڑھائیں گے کہ تم فراموش نہ کرسکو گے

إِلَّا مَا شَاءَ اللَّهُ ج

مگر جو خدا چاہے

إِنَّهُ يَعْلَمُ الْجَهْرَ وَمَا يَخْفَى (7)

وہ کھلی بات کو بھی جانتا ہے اور چھپی کو بھی

وَنُيَسِّرُكَ لِلْيُسْرَى (8)

ہم تم کو آسان طریقے کی توفیق دیں گے

فَذَكِّرْ إِنْ نَفَعَتِ الذِّكْرَى (9)

سو جہاں تک نصیحت کے نافع (ہونے کی امید) ہو نصیحت کرتے رہو

سَيَذَّكَّرُ مَنْ يَخْشَى (10)

جو خوف رکھتا ہے وہ تو نصیحت پکڑے گا

وَيَتَجَنَّبُهَا الْأَشْقَى (11)

اور (بے خوف) بدبخت پہلو تہی کرے گا

الَّذِي يَصْلَى النَّارَ الْكُبْرَى (12)

جو (قیامت کو) بڑی (تیز) آگ میں داخل ہوگا

ثُمَّ لَا يَمُوتُ فِيهَا وَلَا يَحْيَى (13)

پھر وہاں نہ مرے گا اور نہ جئے گا

قَدْ أَفْلَحَ مَن تَزَكَّى (14)

بے شک وہ مراد کو پہنچ گیا جو پاک ہوا

وَذَكَرَ اسْمَ رَبِّهِ فَصَلَّى (15)

اور اپنے پروردگار کے نام کا ذکر کرتا رہا اور نماز پڑھتا رہا

بَلْ تُؤْثِرُونَ الْحَيَاةَ الدُّنْيَا (16)

مگر تم لوگ دنیا کی زندگی کو اختیار کرتے ہو

وَالْآخِرَةُ خَيْرٌ وَأَبْقَى (17)

حالانکہ آخرت بہت بہتر اور پائندہ تر ہے

إِنَّ هَذَا لَفِي الصُّحُفِ الْأُولَى (18)

یہی بات پہلے صحیفوں میں (مرقوم) ہے

صُحُفِ إِبْرَاهِيمَ وَمُوسَى (19)

(یعنی) ابراہیم اور موسیٰ کے صحیفوں میں

© Copy Rights:
Zahid Javed Rana, Abid Javed Rana
Lahore, Pakistan
www.quran4u.com